نظامت زرعی اطلاعات پنجاب

21۔سرآغا خان سوئم روڈ لاہور
Ph.042-99200731, 99200729, Fax No.042/99202911 E.mail:ziratnama@hotmail.com
www.facebook.com/AgriDepartment

پریس ریلیز

وزیرزراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت کل ضلع میانوالی میں کسان کنونشن پیداواری مہم برائے فصلات ربیع 22-2021 کا انعقاد ہوگا۔ترجمان محکمہ زراعت پنجاب

لاہور 13 اکتوبر 2021: صوبائی وزیر زراعت پنجاب سید حسین جہانیاں گردیزی کی زیر صدارت کل ضلع میانوالی میں محکمہ زراعت پنجاب اور نجی کھاد بنانے والی کمپنی کے باہمی تعاون سے منعقدہ کسان کنونشن پیداواری مہم برائے فصلات ربیع 22-2021 کا انعقاد ہوگا ۔ترجمان نے بتایا کہ کسان کنونشن میں وفاقی وزیر نیشنل فوڈ سیکیورٹی اینڈ ریسرچ سید فخر امام بطور مہمانِ خصوصی جبکہ معاون خصوصی برائے وزیراعظم پاکستان جمشید اقبال چیمہ اور صوبائی وزیر جنگلات سردار محمد سبطین خان ،ممبران پنجاب اسمبلی ملک احمد خان بھچر ،امین اللہ خان نیازی،عبدالرحمٰن نیازی کوآرڈنیٹر وزیراعظم پاکستان احمد خان نیازی بھی شرکت کریں گے۔اس موقع پر محکمہ زراعت کے اعلیٰ افسران اور کاشتکاروں کی کثیر تعداد بھی شریک ہوگی۔ترجمان نے مزید بتایا کہ کسان کنونشن میں زرعی ماہرین کاشتکاروں کو فصلات ربیع 22-2021 بالخصوص گندم کی جدید پیداواری ٹیکنالوجی بارے آگاہی فراہم کریں گے۔اس موقع پر کاشتکاروں کی دلچسپی کے لئے زرعی نمائش کے انعقاد کا اہتمام بھی کیا گیا ہے۔

☆☆☆☆